© rasailojaraid.com



# گزارش

گذشتہ ماہ ستمبر کی ابتدا سے مسلسل خرابی صحت کا شکار ہوں۔ اسی زمانے میں علی گڑھ کا سفر پیش آیا اور چند روز غیر معمولی دماغی محنت کرنی پڑی۔ اس کے بعد سے تو جسمانی قوتوں نے گویا مکمل ہڑتال ہی کر دی جس کا سلسلہ کسی حد تک اب بھی جاری ہے۔ اسی وجہ سے یہ پرچہ اتنی دیر سے نکل رہا ہے اور افسوس ہے کہ اس پرچے میں "اشارات" اور "اسلامی عبادات پر ایک تحقیقی نظر" دونوں مفقود ہیں۔

اب رسالے کی اشاعت میں اس قدر تاخیر واقع ہو چکی ہے کہ اس کو بروقت لانے کے لیے اس کے سوا کوئی صورت ممکن نظر نہیں آتی کہ رجب، شعبان اور رمضان (یعنی ستمبر، اکتوبر اور نومبر) کو ملا کر تینوں مہینوں کا ایک مجموعی نمبر نکال دیا جائے۔ چنانچہ آیندہ پرچہ اسی صورت میں مرتب کیا جا رہا ہے، اور اگر تائید الٰہی شامل حال رہی تو امید ہے کہ وسط نومبر تک ناظرین کے ہاتھوں میں پہنچ جائے گا۔

اس سہ ماہی نمبر میں آپ کو میرے خطبات یک جا ملیں گے جن کی تعداد ۳۰ کے قریب ہے۔ دو تین سال قبل ان میں سے چار پانچ خطبے متفرق طور پر ترجمان القرآن میں شائع ہوئے تھے۔ باقی سب کے سب اس رسالے کے ناظرین کے لیے نئی چیز ہیں۔ یوں سمجھیے کہ یہ مجموعہ "رسالہ دینیات" کا تکملہ ہے۔ رسالہ دینیات میں عقائد اور نظام شریعت کا بیان تھا۔ اس میں روح دین اور عبادات کی تشریح ہے اور زبان و انداز بیان کے اعتبار سے یہ اس سے بھی زیادہ سہل و عام فہم ہے۔

ابوالاعلیٰ

(ترجمان القرآن، جلد ۱۶، عدد ۶، جمادی الاخریٰ ۱۳۵۹ھ، اگست ۱۹۴۰ء، ص ۴۱۰)

© rasailojaraid.com